امین محمد لاکھانی

وارٹن(Wharton) اسکول آف بزنس، یونیورسٹی آف پنسلوینیا (یو ایس اے) سے فنانس اور انٹرنیشنل بزنس میں MBA اور اسٹینفورڈ (Stanford) یونیورسٹی (یو ایس اے) سے انڈسٹریل انجینیئرنگ میں بیچلر آف سائنس کے حامل جناب امین محمد لاکھانی لیکسن گروپ آف کمپنیز کی ایگزیکیٹو لیڈرشپ ٹیم کا حصہ ہیں۔

جناب امین محمد لاکھانی عالمگیر شہرت کی حامل فاسٹ فوڈ ملٹی نیشنل کارپوریشن مکڈونلڈز ریسٹورنٹس کی پاکستان میں فرنچائز یافتہ کمپنی سیزا (SIZA) فوڈز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے چیف ایگزیکیٹو ہیں۔ ان کی فعال قیادت میں SIZA صرف 18 سال کے مختصر عرصے میں مکڈونلڈز ریسٹورنٹس کے نیٹ ورک کو ملک کے 43 اہم شہروں تک وسعت دے کر اسے پاکستان کے تقریباً ہر گھر کا جانا پہچانا نام بنانے میں کامیاب رہی ہے۔ آپ مکڈونلڈز کارپوریشن کی طرف سے 2011ء میں ''Golden Arches Award'' بھی جیت چکے ہیں، یہ مکڈونلڈ کی جانب سے کسی اونر آپریٹر کو دیا جانے والا سب سے بڑا اعزاز ہے۔

فنانس، مارکیٹنگ، مینجمنٹ اور پروڈکشن کے شعبوں میں 31 سال سے زائد عرصے پر محیط اپنے بھرپور تجربے کی بدولت وہ 15 اَن لسٹڈ پبلک اور پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیز میں بطور چیف ایگزیکیٹو آفیسر پاکستان میں اسٹاک ایکسچینج میں لسٹڈ 4 لیکسن گروپ کمپنیز کے کارپوریٹ بورڈز پر بطور ڈائریکٹر اور لیکسن گروپ کی 12 دیگر اَن لسٹڈ پبلک اور پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیز میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دے رہے ہیں۔

جناب لاکھانی جولائی 1992ء سے پاکستان میں سنگاپور کے اعزازی قونصل جنرل ہیں۔ اس سے قبل وہ اپریل 1989 سے سنگاپور کے اعزازی قونصل کی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ ان کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے جمہوریہ سنگاپور نے انہیں پبلک سروس اسٹار کے اعزاز سے نوازا ہے۔

جناب لاکھانی سماجی سرگرمیوں میں سرگرمی سے حصہ لیتے ہیں۔ وہ ینگ پریزیڈنٹس آرگنائزیشن کے پاکستان چیپٹر کے بانی رکن ہیں اور 07-2006 کی میعاد کے لیے مقامی چیپٹر کے چیئرمین کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ اسٹینفورڈ ایلومنائی ایسوسی ایشن اور اس کے ساتھ ساتھ وارٹن ایلومنائی ایسوسی ایشن کے رکن ہیں۔ وہ کھیلوں کی سرگرمیوں میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں جن میں گھڑسواری، پولو، ٹینس اور گالف کھیلنا شامل ہے۔ انہوں نے دنیا بھر کا سفر کیا ہے اور مقامی اور بین الاقوامی / حالات حاضرہ میں گہری دلچسپی لیتے ہیں۔

جناب لاکھانی لیکسن گروپ کے ''سماج کو واپس لوٹانے'' کے فلسفے پر پختہ یقین رکھتے ہیں۔ وہ لیکسن گروپ کے ویلفیئر ٹرسٹ حسن علی اینڈ گل بانو لاکھانی فاؤنڈیشن کے ایک ٹرسٹی ہیں۔ یہ فاؤنڈیشن مستحق اور ضرورت مند افراد کو تعلیم اور طب کی سہولیات مہیا کرتا ہے اور دیگر شعبوں میں بھی لوگوں کی مدد کرتا ہے۔ آپ امین، سائرہ اینڈ انیقہ لاکھانی (ASAL) فاؤنڈیشن کے ٹرسٹی بھی ہیں۔